21 اگست 2026ء

# اسٹیٹ بینک نے 2026ء کے لیے نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں (ڈی-ایس آئی بی) کا تعین کر دیا

بینک دولتِ پاکستان نے 2026ء کے لیے نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کے تعین کا اعلان کر دیا ہے۔ بینکوں کا تعین 'نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں' (ڈی-ایس آئی بی) کے فریم ورک کے تحت کیا گیا ہے جسے اپریل 2018ء میں متعارف کرایا گیا اور اس میں دسمبر 2022ء میں ترمیم کی گئی تھی۔

اسٹیٹ بینک کا متعارف کردہ فریم ورک عالمی معیارات کے مطابق ہے اور اس میں مالی شعبے اور معیشت کی مقامی حرکیات کو ملحوظِ خاطر رکھا گیا ہے۔ اس میں نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کی شناخت اور تعین کا طریقہ کار، ضابطہ کاری اور نگرانی کے بہتر تقاضوں اور عمل درآمد کے لیے رہنما ہدایات طے کی گئی ہیں۔ ان بہتر تقاضوں کا مقصد نظام کے لحاظ سے اہم بینکوں کی دھچکوں (shocks) کے خلاف لچک کو مزید مضبوط کرنا اور ان کی انتظامِ خطر کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔

نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کی شناخت سالانہ بنیاد پر دو مراحل میں ہوتی ہے۔ پہلے مرحلے میں مقداری اور معیاری پیمانوں پر ہر سال نمونے کے بینکوں کو شناخت کیا جاتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں نمونے کے ان بینکوں میں سے ان اداروں کے حجم، باہمی روابط (interconnectedness)، تبادلہ پذیری (substitutability) اور پیچیدگی کو مدِ نظر رکھ کر نظامی اسکور معلوم کر کے نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کا تعین کیا جاتا ہے۔

نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینکوں کے فریم ورک کے تحت اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے 31 دسمبر 2025ء تک کے مالی امور کی بنیاد پر سالانہ جانچ کی ہے۔ جانچ کے مطابق تین بینکوں، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ اور نیشنل بینک آف پاکستان کو نظام کے لحاظ سے اہم ملکی بینک برائے 2026ء متعین کیا گیا ہے۔ یہ بینک ڈی-ایس آئی بی فریم ورک میں متعین کردہ نگرانی کی اضافی شرائط پر عمل کرنے کے ساتھ ساتھ ایکویٹی کی مشترکہ سطحِ اول (Common Equity Tier-1) کے تقاضے پورے کرنے کے پابند ہوں گے جس کا اطلاق 31 مارچ 2027ء سے ہو گا:

| بکٹ | ادارے کا نام | بکٹ کے لیے اضافی 'سی ای ٹی-ون' شرط |
|---|---|---|
| ڈی | یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ | 2.5 فیصد |
| سی | حبیب بینک لمیٹڈ | 1.5 فیصد |
| بی | نیشنل بینک آف پاکستان | 1.0 فیصد |

علاوہ ازیں، پاکستان میں کام کرنے والے 'نظام کے لحاظ سے اہم عالمی بینک' (Global-Systemically Important Banks) ملک میں اپنے بہ وزن خطرہ اثاثوں پر اضافی سی ای ٹی-ون سرمایہ اُس شرح پر رکھیں گے جو فنانشل اسٹیبلٹی بورڈ نے ان کے متعلقہ پرنسپل جی-ایس آئی بی کے لیے مقرر کیا ہے۔

اسٹیٹ بینک معیشت کی پائیدار نمو میں معاونت اور مالی استحکام کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ ڈی-ایس آئی بی کا تعین نگرانی کے فریم ورک کے اہم اجزا میں سے ایک ہے اور یہ اسٹیٹ بینک کی نظامی خطرات کی شناخت اور ان کے تدارک کے حوالے سے فعالیت کی عکاسی کرتا ہے۔

****